شفیق فاروقی

دارالعلوم حقانیہ کے شب و روز

● دارالعلوم میں بارہ شعبان کو تعلیمی سال ختم ہوا اور ۱۰ شوال تک تعطیل رہی۔ البتہ دفاتر اہتمام۔ الحق ـــــ مؤتمر المصنفین اور دارالافتاء کے دفاتر بدستور مصروف کار رہے۔ اب ۱۰ شوال سے تعلیمی سال کا آغاز ہو چکا ہے۔ طلباء نہایت کثرت سے آرہے ہیں۔ تمام قدیم اساتذہ کے علاوہ نئے اساتذہ کا بھی اضافہ ہوا جن میں حضرت مولنا مصطفیٰ احسن صاحب فاضل جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کی تقرری حکومت سعودی عرب کی دارالافتاء والبحوث کی طرف سے ہوئی ہے۔

● عیدالفطر کے عظیم اجتماع سے حسب معمول حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے خطاب فرمایا۔ پچھلے سال آپ نے عیدگاہ میں توسیع کے لئے اپیل کی تھی مقامی بلدیہ کے چیئرمین وارکان کی مساعی سے دو کنال زمین حاصل ہوگئی اور اب اسکی احاطہ بندی وغیرہ کے مراحل درپیش ہیں۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے حاضرین سے اس کے لئے مدد کی اپیل کی جس کا خاطر خواہ نتیجہ برآمد ہوا۔

● حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کی ملاقات اور دارالعلوم حقانیہ دیکھنے کے لئے حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہ کے داماد حضرت مولانا رشید الدین صاحب مدظلہ مدرسہ شاہی مرادآباد ۱۵ راگست کو دارالعلوم تشریف لائے ایک رات قیام کے بعد دوسرے دن واپس ہوئے۔

● ۱۲ راگست صدر پاکستان کی دعوت پر منعقد شدہ علما کنونشن اسلام آباد میں صدر محترم کی دعوت پر مولانا سمیع الحق صاحب نے شرکت کی اور کنونشن میں خطاب کے دوران صدر پاکستان کو اپنی تجاویز و خیالات سے آگاہ کیا۔ دوسرے دن پاکستان ٹیلی ویژن نے اپنے قومی پروگرام میں کنونشن کے بارہ میں ایک انٹرویو کے ذریعہ مولانا کے تاثرات نشر کئے جنہیں پورے ملک میں سراہا گیا۔